رسالہ اصلاح کجھوا — الحسنہ — ضمیمہ نمبر ۶ جلد ۳۵

(5)

کتاب دلچسپ و مفید

تصویر بنی امیہ

جس میں خاندان بنی امیہ کے مشہور خلیفہ معتضد کا دورہ فرمان اور اس کا اردو ترجمہ شایع کیا گیا ہے جو اس نے ۲۸۴ ہجری میں کل بنی امیہ کے عموماً اور معویہ و یزید کے

خصوصاً مطاعن و مذام میں لکھا تھا

مرتبہ

جناب مولانا السید علی حیدر صاحب قبلہ دام فیضہم مدیر رسالہ اصلاح کجھوا

باہتمام سید محمد جعفر پرنٹر و پبلشر

مطبع اصلاح کجھوا میں چھپکر

شایع ہوئی

قیمت فی جلد

فہرست مضامین

نمبر	عنوان	صفحہ
۱	تمہید از مولف	۲
۲	معویہ پر لعنت جاری کرنے کے متعلق خلیفہ معتضد باللہ کے فرمان کی اصل عبارت تاریخ طبری سے	۳
۳	لعنت معویہ کا فرمان جاری کرنے کے لئے خلیفہ معتضد باللہ کا اہتمام	۱۱
۴	لعنت معویہ کے متعلق معتضد باللہ کے فرمان کا ترجمہ	۱۳
۵	حضرت رسول خدام کی لعنت	۱۴
۶	لعنت معویہ جاری کرنے کی تمہید	۱۵
۷	اسلام پر بنی ہاشم کے حقوق اور احسانات	۱۷
۸	اسلام پر اہلبیت کے حقوق اور احسانات	۱۸
۹	حضرات اہلبیت کے فضائل	″
۱۰	بنی امیہ کی عداوۃ و مخالفۃ اسلام	″
۱۱	بنی امیہ خدا و رسول ص سب کے ملعون ہیں	۱۹
۱۲	بنی امیہ کا جنۃ و نار سے انکار کرنا	۲۰
۱۳	بنی امیہ کے متعلق آنحضرت ص کا خواب	″
۱۴	حکم بن العاص کی جلاوطنی	″
۱۵	حکومت بنی امیہ سے لیلۃ القدر بہتر ہے	۲۱
۱۶	بد دعائے رسول ص کہ معویہ کا پیٹ کبھی نہ بھرے	″
۱۷	معویہ غیر ملت اسلام پر محشور ہوگا	″
۱۸	معویہ کو قتل کر دو	۲۲
۱۹	معویہ آگ کے تابوت میں	″
۲۰	حضرت امیر المومنین ع کے فضائل اور معویہ کی آپ سے جنگ	″
۲۱	عمار کو فئۃ باغیہ قتل کریگا	۲۳
۲۲	معویہ کی دنیا پرستی اور مکر و فریب	″
۲۳	معویہ کا بہترین صحابہ کو قتل کرنا	۲۴
۲۴	معویہ کا زیاد کو اپنا بھائی بنا لینا	″
۲۵	یزید کو خلیفہ بنانے کا فتنہ	۲۵
۲۶	شہادت حضرت امام حسین ع کا واقعہ	۲۷
۲۷	بنی مروان کے مظالم	۲۸
۲۸	بنی عباس کا تسلط	۲۹
۲۹	بنی امیہ پر پھر لعنت کرنے کا حکم	۳۱
۳۰	معتضد باللہ کا تبرا	″

کتاب دلچسپ و مفید

تصویر بنی امیہ

جسمیں خاندان بنی عباس کے مشہور خلیفہ معتضد باللہ کا وہ فرمان

اور اس کا اردو ترجمہ شایع کیا گیا ہی جو اُس نے ۲۸۴ سنہ ہجری میں کل

بنی امیہ کے عموماً اور معویہ و یزید کے خصوصاً معائب و ذمائم میں لکھا تھا

مرتبہ

جناب مولانا السید علی حیدر صاحب قبلہ دام فیضہم مدیر جریدہ رکہ اصلاح

باہتمام سید محمد جعفر پرنٹر و پبلشر

مطبع اصلاح کجھوا میں چھپکر شایع ہوئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا ومولانا ابی القاسم محمد وآلہ الطیبین الطاہرین۔

معویہ سے تبرّا کرنے کا سلسلہ شروع سے چلا آرہا ہے۔ جناب مولوی شبلی صاحب نے لکھا ہے "مامون معجون مرکب تھا۔ قرآن کے حادث ہونیکا قائل تھا۔ عام منادی کرادی تھی کہ جو شخص امیر معویہ کو اچھا کہے وہ دائرہ اطاعت سے خارج ہے۔ حضرت علیؑ کو تمام صحابہ سے افضل سمجھتا تھا۔" (المامون صفحہ ۲۳۰) اور علامہ جلال الدین سیوطی لکھتے ہیں وفی سنۃ احدی عشرۃ امر المامون بان ینادی برئت الذمۃ ممن ذکر معویۃ بخیر وان افضل الخلق بعد رسول اللہ صلعم علی ابن ابی طالب یعنی سنہ ۲۱۱ھ میں مامون نے منادی کرادی کہ جو شخص معویہ کا ذکر خیر کریگا اسکی حفاظت سے سلطنت کو کوئی تعلق نہیں اور حضرت رسولخداؐ کے بعد دنیا بھر کے لوگوں سے حضرت علیؑ افضل ہیں (تاریخ الخلفاء، مطبوعہ دہلی صفحہ ۲۱۰) اور علامہ شیخ حسین دیار بکری لکھتے ہیں وفی سنۃ احدی عشرۃ ومائتین اظہر المامون التشیع وامر ان یقال خیر الخلق بعد النبیؐ علی رضی اللہ عنہ وامر بالنداء ان برئت الذمۃ ممن ذکر معویۃ بخیر یعنی سنہ ۲۱۱ھ میں مامون نے اپنے شیعہ ہونیکا اعلان کردیا اور حکم دیا کہ سب لوگ حضرت رسولخداؐ کے بعد حضرت علیؑ کو افضل مخلوقات مانیں اور اسکی منادی کرادی کہ جو شخص معویہ کو بیخیر ذکر کریگا اسکی جان ومال سے حکومت بری الذمہ ہے (تاریخ خمیس جلد ۲ صفحہ ۳۷۵) آسی خاندان بنی عباس کے ایک اور خلیفہ معتضد باللہ نے جو ۲۷۹ھ سے ۲۸۹ھ تک خلیفہ رہا) سنہ ۲۸۴ھ میں ایک فرمان عام تحریر کیا جس میں تمام بنی امیہ کے عموماً اور معویہ ویزید کے خصوصاً معائب ومثالب درج کئے تھے۔ اس فرمان کا ذکر تمام

معتبر مورخین اہلسنت نے کیا ہے جیسے علامہ ابن الوردی نے اپنی تاریخ مطبوعہ مصر جلد اول صفحہ ۲۴۲ میں۔ علامہ ابن اثیر نے تاریخ کامل مطبوعہ مصر جلد ۷ صفحہ ۱۶۰ میں۔ علامہ دیار بکری نے تاریخ خمیس مطبوعہ مصر جلد ۲ صفحہ ۳۸۴ میں علامہ ابو الفدا نے اپنی تاریخ ابو الفداء مطبوعہ مصر جلد ۲ صفحہ ۵۷ میں علامہ سیوطی نے تاریخ الخلفاء مطبوعہ دہلی صفحہ ۲۵۴ میں۔ لیکن اسلام کے سب سے زیادہ معتبر اور صحیح مورخ علامہ طبری نے اس فرمان کو اپنی تاریخ میں لفظ بہ لفظ نقل کیا ہے جسکو اس کتاب میں اردو ترجمہ کے ساتھ عامہ مسلمین کی بصیرت بڑھانے کے لئے شایع کیا جاتا ہے۔ اس تاریخ طبری کے متعلق زمانہ حال اور زبان اردو کے مشہور مورخ شمس العلماء مولوی شبلی صاحب نعمانی نے لکھا ہے "تاریخ کبیر ابو جعفر جریر طبری یہ نہایت مستند اور ضخیم تاریخ ہے ابن اثیر و ابن خلدون و ابو الفداء کا اصلی ماخذ یہی کتاب ہے۔ ۱۷ جلدوں میں بمقام ہالینڈ نہایت اہتمام سے چھاپی گئی ہے۔" (المامون صفحہ)

تاریخ طبری کی وہ عبارت یہ ہے وفی هذه السنة عزم المعتضد بالله على لعن معاوية بن ابى سفيان على المنابر وأمر بانشاء كتاب بذلك يقرأ على الناس فخوفه عبيد الله بن سليمان بن وهب اضطراب العامة وانه لا يامن ان تكون فتنة فلم يلتفت الى ذلك من قوله وذكر ان اول شئ بدأ به المعتضد حين اراد ذلك الامر بالتقدم الى العامة بلزوم اعمالهم وترك الاجتماع والقضية والشهادات عند السلطان الا ان يسئلوا عن شهادة ان كانت عندهم ومنع القصاص من القعود على الطرقات وعملت بذلك نسخ قرئت بالجانبين بمدينة السلام فى الارباع والمحال والاسواق فقرئت يوم الاربعاء لست بقين من جمادى الاولى من هذه السنة ثم منع يوم الجمعة لاربع بقين منها القصاص من القعود فى الجامعين ومنع اهل الحلق فى الفتيا أو غيرهم من القعود فى المسجدين ومنع الباعة من القعود فى رحابهما فى جمادى الآخرة ونودى فى المسجد الجامع بنفى الناس عن الاجتماع على قاص او غيره ومنع القصاص واهل الحلق من القعود

وفى يوم الحادى عشر ذلك يوم الجمعة نودى فى الجامعين بان الذمة بريّة ممن اجتمع
من الناس على مناظرة او جدل وان من فعل ذلك احل بنفسه الضرب وتقدم
الى الشراب والذين يسقون الماء فى الجامعين الا يترحموا على معاوية ولا يذكروه
بخير وتحدث الناس ان الكتاب الذى امر المعتضد بالنشائه بلعن معاوية يقرأ
بعد صلاة الجمعة على المنبر فلما صلى الناس الجمعة بادروا الى المقصورة ليسمعوا
قراءة الكتاب فلم يقرأ فذكر ان المعتضد امر باخراج الكتاب الذى كان الماضون
امروا بانشائه بلعن معاوية فاخرج له من الديوان فاخذ من جوامعه نسخة هذا
الكتاب وذكروا انها نسخة الكتاب الذى انشئ للمعتضد بالله (بسم الله الرحمن الرحيم)
الحمد لله العلى العظيم الحليم الحكيم العزيز الرحيم المنفرد بالوحدانية الباهر بقدرته
الخالق بمشيئته وحكمته الذى يعلم سوابق الصدور وضمائر القلوب لا يخفى عليه
خافية ولا يعزب عنه مثقال ذرة فى السموات العلى ولا فى الارضين السفلى قد
احاط بكل شئ علما واحصى كل شئ عددا وضرب لكل شئ امدا وهو العليم الخبير والحمد
لله الذى برأ خلقه لعبادته وخلق عباده لمعرفته على سابق علمه فى طاعة مطيعهم
وماضى امره فى عصيان عاصيهم فبيّن لهم ما يأتون وما يتقون ونهج لهم سبل النجاة و
حذرهم مسالك الهلكة وظاهر عليهم الحجة وقدم اليهم المعذرة واختار لهم
دينه الذى ارتضى لهم واكرمهم به وجعل المعتصمين بحبله والمتمسكين بعروته اولياءه
واهل طاعته والعائدين عنه والمخالفين له اعداءه واهل معصيته ليهلك من
هلك عن بيّنة ويحيى من حيّ عن بيّنة وان الله لسميع عليم والحمد لله الذى اصطفى
محمدا رسوله من جميع بريّته واختاره لرسالته وابتعثه بالهدى والدين المرتضى
الى عباده اجمعين وانزل عليه الكتاب المبين المستبين وتأذن لهم بالنصر والتمكين
وايده بالعز والبرهان المتين فاهتدى به من اهتدى واستنقذ به من استجاب
له من العمى واضل من ادبر وتولى حتى اظهر الله امره واعز نصره وقهر من خالفه واجزل
وعده وختم به رسله وقبضه مؤديا لامره مبلغا لرسالته ناصحا لامته مرضيا

مهتد يا الى اكرم مآب المنقلبين واعلى منازل انبيائه المرسلين وعباده الفائزين
فصلى الله عليه افضل صلاة واتمها واجلها واعظمها وازكاها واطهرها
وعلى آله الطيبين والحمد لله الذى جعل امير المومنين وسلفه الراشدين
المهتدين ورثة خاتم النبيين وسيد المرسلين والقائمين بالدين والمقومين
لعباده المومنين والمستحفظين ودائع الحكمة ومواريث النبوة والمستخلفين
فى الامة والمنصورين بالعز والمنعة والتاييد والغلبة حتى يظهر الله دينه على
الدين كله ولو كره المشركون وقد انتهى الى امير المومنين ما عليه جماعة من العامة
من شبهة قد دخلتهم فى اديانهم وفساد قد لحقهم فى معتقدهم وعصبية قد
غلبت عليها اهواؤهم ونطقت بها السنتهم على غير معرفة ولا روية وقلد وافيها
قادة الضلالة بلا بينة ولا بصيرة وخالفوا السنن المتبعة الى الاهواء المبتدعة
قال الله عز وجل ومن اضل ممن اتبع هواه بغير هدى من الله ان الله
لا يهدى القوم الظالمين خروجا عن الجماعة ومسارعة الى الفتنة واباء
الفرقة وتشتيتا للكلمة واظهارا للموالاة من قطع الله عنه الموالاة وبتر منه العصمة
واخرجه من الملة واوجب عليه اللعنة وتعظيما لمن صغر الله حقه واوهن امره
واضعف ركنه من بنى امية الشجرة الملعونة ومخالفة لمن استنقذهم الله به
من الهلكة واسبغ عليهم به النعمة من اهل بيت البركة والرحمة قال الله عز
وجل يختص برحمته من يشاء والله ذو الفضل العظيم فاعظم امير المومنين مما انتهى
اليه من ذلك ورأى فى ترك انكاره حرجا عليه فى الدين وفسادا لمن قلد الله امره
من المسلمين واثما لما اوجبه الله عليه من تقويم المخالفين وتبصير الجاهلين
واقامة الحجة على الشاكين وبسط اليد على العائدين وامير المومنين يرجع
اليكم معشر الناس بان الله عز وجل لما ابتعث محمدا ابدينه رأى ان يصدع
بامره بدا باهله وعشيرته فدعاهم الى ربه وانذرهم وبشرهم ونصح لهم وارشدهم فكان
من استجاب له وصدق قوله واتبع امره نفر يسير من بنى ابيه من بين مومن

بما اتى به من ربه وبين ناصر له وان لم يتبع دينه اعزازا له واشفاقا عليه لماضى
علم الله فيمن اختار منهم ونفذت مشيئته فيما يستودعه اياه من خلافته وارث
نبيه فمؤمنهم مجاهد بنصرته وحميته يدفعون من نابذه وينهرون من عاره وعانده
ويتوثقون له ممن كانفه وعاضده ويبايعون له من سمح بنصرته ويتجسسون له اخبار
اعدائه ويكيدون له بظهر الغيب كما يكيدون له براى العين حتى بلغ المدى وحان وقت
الاهتداء فدخلوا فى دين الله وطاعته وتصديق رسوله والايمان به باثبت بصيرة و
احسن هدى ورغبة فجعلهم الله اهل بيت الرحمة واهل بيت الدين اذهب عنهم
الرجس وطهرهم تطهيرا ومعدن الحكمة وورثة النبوة وموضع الخلافة واوجب لهم
الفضيلة والزم العباد لهم الطاعة وكان ممن عانده ونابذه وكذبه وحاربه
من عشيرته العدد الاكثر والسواد الاعظم يتلقونه بالتكذيب والتثريب ويقصدونه
بالاذية والتخويف ويبارزونه بالعداوة وينصبون له المحاربة ويصدون عنه
من قصده وينالون بالتعذيب من اتبعه واشدهم فى ذلك عداوة واعظمهم
له مخالفة واولهم فى كل حرب ومناصبة لا يرفع على الاسلام راية الا كان صاحبها
وقائدها ورئيسها فى كل مواطن الحرب من بدر واحد والخندق والفتح ابو سفيان
بن حرب واشياعه من بنى امية الملعونين فى كتاب الله ثم الملعونين على لسان
رسول الله فى عدة مواطن وعدة مواضع لماضى علم الله فيهم وفى امرهم ونفاقهم
وكفر احلامهم فحارب مجاهدا ودافع مكابدا واقام منابذا حتى قهره السيف وعلا امر
الله وهم كارهون فتقول بالاسلام غير منطو عليه واسر الكفر غير مقلع عنه فعرفه
بذلك رسول الله صلى الله عليه وسلم والمسلمون وميز له المؤلفة قلوبهم فقبله
وولده على علم منه فمما لعنهم الله به على لسان نبيه صلى الله عليه وسلم وانزل به
كتابا قوله والشجرة الملعونة فى القرآن ونخوفهم فما يزيدهم الا طغيانا كبيرا
ولا اختلاف بين احد انه اراد بها بنى امية ومنه قول الرسول عليه السلام وقد رآه
مقبلا على حمار ومعاوية يقود به ويزيد ابنه يسوق به لعن الله القائد والراكب
والسائق ومنه ما يرويه الرواة من قوله يا بنى عبد مناف تلقفوها تلقف الكرة

فما هذا جنة ولا نار وهذا الكفر صراح يلحقه به اللعنة من الله كما لحقت الذين كفروا من بني اسرائيل على لسان داود وعيسى ابن مريم ذلك بما عصوا وكانوا يعتدون ومنه ما يروون من وقوفه على ثنية احد بعد ذهاب بصره وقوله لقائده ههنا ذبنا محمد واصحابه ومنه الرؤيا التي رآها النبي صلى الله عليه وسلم فوجم لها فما رؤي ضاحكا بعدها فانزل الله وما جعلنا الرؤيا التي اريناك الا فتنة للناس فذكروا انه رأى نفرا من بني امية ينزون على منبره ومنه طرد رسول الله صلى الله عليه وسلم الحكم بن ابي العاص لحكايته اياه والحقه الله بدعوة رسوله آية باقية حين رآه يتخلج فقال له كن كما انت فبقي على ذلك سائر عمره الى ما كان من مروان في افتتاحه اول فتنة كانت في الاسلام واحتقابه لكل دم حرام سفك فيها او ريق بعدها ومنه ما انزل الله على نبيه في سورة القدر ليلة القدر خير من الف شهر من ملك بني امية ومنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم دعا بمعاوية ليكتب بامره بين يديه فدافع بامره واعتل بطعامه فقال النبي لا اشبع الله بطنه فبقي لا يشبع ويقول والله ما انزل الطعام شبعا ولكن اعيا ومنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال يطلع من هذا الفج رجل من امتي يحشر على غير ملتي فطلع معاوية ومنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذا رأيتم معاوية على منبري فاقتلوه ومنه الحديث المرفوع المشهور انه قال ان معاوية في تابوت من نار في اسفل درك منها ينادي يا حنان يا منان الآن وقد عصيت قبل وكنت من المفسدين ومنه ابراؤه بالمحاربة لافضل المسلمين في الاسلام مكانا واقدمهم اليه سبقا وأحسنهم فيه اثرا وذكرا على بن ابي طالب ينازعه حقه بباطله ويجاهد انصاره بضلاله وغوايته ويحاول ما لم يزل هو وابوه يحاولانه من إطفاء نور الله وجحود دينه ويأبى الله الا أن يتم نوره ولو كره المشركون يستهوي اهل العبادة ويموه على اهل الجهالة بمكره وخبثه الذين قدم رسول الله صلى الله عليه وسلم الخبر عنهم فقال لعمار تقتلك الفئة الباغية تدعوهم الى الجنة ويدعونك الى النار مؤثر اللعاجلة كافرا

بالآجلة خارجا من ربقة الاسلام مستحلا للدم الحرام حتى سفك في فتنته وعلى
سبيل ضلالته ما لا يحصى عدده من خيار المسلمين الذابين عن دين الله
والناصرين لحقه مجاهدا لله مجتهدا في ان يعصى الله فلا يطاع وتبطل احكامه
فلا تقام ويخالف دينه المنصور وحكمه المتبع النافذ وامره الغالب وكيد من حاده
المغلوب الداحض حتى احتمل اوزار تلك الحروب وما تبعها وتطوق تلك الدماء
وما سفك بعدها وسن سنن الفساد التي عليه اثمها واثم من عمل بها الى يوم القيامة
واباح المحارم لمن ارتكبها ومنع الحقوق اهلها واغتره الاملاء واستدرجه
الامهال والله له بالمرصاد ثم مما اوجب الله به اللعنة قتله من قتل صبرا
من خيار الصحابة والتابعين واهل الفضل والديانة مثل عمرو بن الحمق
وحجر بن عدي فمن قتل امثالهم في ان يكون له العزة والملك والغلبة ولله
العزة والملك والقدرة والله عز وجل يقول ومن يقتل مومنا متعمدا فجزاؤه
جهنم خالدا فيها وغضب الله عليه ولعنه واعد له عذابا عظيما ومما استحق
به اللعنة من الله ورسوله ادعاؤه زياد بن سمية جرأة على الله والله يقول
ادعوهم لآبائهم هو اقسط عند الله ورسول الله صلى الله عليه وسلم يقول
ملعون من ادعى الى غير ابيه وانتمى الى غير مواليه ويقول الولد للفراش وللعاهر
الحجر فخالف حكم الله عز وجل وسنة نبيه صلى الله عليه وسلم جهارا وجعل
الولد لغير الفراش والعاهر لا يضره عهره فادخل بهذه الدعوة من محارم الله
ومحارم رسوله في ام حبيبة زوجة النبي صلى الله عليه وسلم وفي غيرها
من سفور وجوه ما قد حرمه الله واثبت بها قربى قد باعدها الله واباح بها
ما قد حظره الله مما لم يدخل على الاسلام خلل مثله ولم ينل الدين تبديل
شبهه ومنه ايثاره بدين الله ودعاؤه عباد الله الى ابنه يزيد المتكبر الخمير
صاحب الديوك والفهود والقرود واخذه البيعة له على خيار المسلمين
بالقهر والسطوة والتوعيد والاخافة والتهدد والرهبة وهو يعلم سفهه

ويطلع على خبثه ورهقه وليعاين سكرانه وفجوره وكفره فإن تمكن منه أمكنه منه ووطأه له وعصى الله ورسوله فيه طلب ثأر، إذ المشركين وطوائلهم عند المسلمين فأوقع بأهل الحرة الوقيعة التي لم يكن في الإسلام أشنع منها ولا أفحش مما ارتكب من الصالحين فيها وشفى بذلك غيظ نفسه وغليله وظن أن قد انتقم من أولياء الله وبلغ النوى لأعداء الله فقال مجاهرا بكفره ومظهرا الشركه

ليت أشياخي ببدر شهدوا ... جزع الخزرج من وقع الأسل
قد قتلنا القرم من ساداتكم ... وعدلناه ببدر فاعتدل
فأهلوا واستهلوا فرحا ... ثم قالوا يا يزيد لا تشل
لست من خندف إن لم أنتقم ... من بني أحمد ما كان فعل
لعبت هاشم بالملك فلا ... خبر جاء ولا وحي نزل

هذا هو المروق من الدين وقول من لا يرجع إلى الله ولا إلى دينه ولا إلى كتابه ولا إلى رسوله ولا يؤمن بالله ولا بما جاء من عند الله ثم من أغلظ ما انتهك وأعظم ما اخترم سفكه دم الحسين بن علي وابن فاطمة بنت رسول الله صلى الله عليه وسلم مع موقعه من رسول الله صلى الله عليه وسلم ومكانه منه ومنزلته من الدين والفضل وشهادة رسول الله صلى الله عليه وسلم له ولأخيه بسيادة شباب أهل الجنة اجتراءً على الله وكفرا بدينه وعداوة لرسوله ومجاهدة لعترته واستهانة بحرمته فكأنما يقتل به وبأهل بيته قوما من كفار أهل الترك والديلم لا يخاف من الله نقمة ولا يرقب منه سطوة فبتر الله عمره واجتث أصله وفرعه وسلبه ما تحت يديه وأعد له من عذابه وعقوبته ما استحقه من الله بمعصيته هذا إلى ما كان من بني مروان من تبديل كتاب الله وتعطيل أحكامه واتخاذ مال الله دولا بينهم وهدم بيته واستحلال حرامه ونصبهم المجانيق عليه ورميهم إياه بالنيران لا يألون له إحراقا وإخرابا

ولما حرم الله منه استباحة وانتهاكا ولمن لجاء اليه قتلا وتنكيلا ولمن امنه الله به اخافة وتشريدا حتى اذا حقت عليهم كلمة العذاب واستحقوا من الله الانتقام وملؤا الارض بالجور والعدوان وعموا عباد الله بالظلم والاقتسار وحلت عليهم السخطة ونزلت بهم من الله السطوة اتاح الله لهم من عترة نبيه واهل وراثته من استخلصهم منهم بخلافته مثل ما اتاح الله من اسلافهم الموحدين وآبائهم المجاهدين لاوائلهم الكافرين فسفك الله بهم دماء هم مرتدين كما سفك بآبائهم دماء آباء الكفرة المشركين وقطع الله دابر القوم الظالمين والحمد لله رب العالمين ومكن الله المستضعفين ورد الله الحق الى اهله المستحقين كما قال جل شأنه ونريد ان نمن على الذين استضعفوا في الارض ونجعلهم ائمة ونجعلهم الوارثين واعلموا ايها الناس ان الله عز وجل انما امر ليطاع ونهى ليتمثل وحكم ليقبل والزم الاخذ لسنة نبيه صلى الله عليه وسلم ليتبع وان كثيرا ممن ضل نا لتوى وانتقل من اهل الجهالة والسفاه ممن اتخذوا احبارهم ورهبانهم اربابا من دون الله وقد قال الله عز وجل قاتلوا ائمة الكفر فانتهوا معاشر الناس عما يسخط الله عليكم وراجعوا ما يرضيه عنكم وارضوا من الله بما اختاركم والزموا ما امركم به وجانبوا ما نهاكم عنه وابتغوا الصراط المستقيم والمحجة البينة والسبل الواضحة واهل بيت الرحمة الذين هداكم الله بهم بدينا واستنقذكم بهم من الجور والعدوان اخيرا واصاركم الى الخفض والامن والعز به ولتهم وشملكم الصلاح في اديانكم ومعايشكم في ايامهم والعنوا من لعنه الله ورسوله وفارقوا من لا تنالون القربة من الله الا بمفارقته اللهم العن اباسفيان بن حرب ومعاوية ابنه ويزيد بن معاوية ومروان بن الحكم وولده اللهم العن ائمة الكفر وقادة الضلالة واعداء الدين ومجاهدي الرسول ومغيري الاحكام ومبدلي الكتاب وسفاكي الدم الحرام اللهم انا نتبرأ اليك من موالاة اعدائك ومن الاغماض لاهل معصيتك كما قلت لا تجد قوما يؤمنون بالله

والیوم الاخر یوادون من حاد اللہ ورسولہ یا ایھا الناس اعرفوا الحق تعرفوا اھلہ وتاملوا سبل الضلالۃ تعرفوا سابلھا فانہ انما یبین عن الناس اعمالھم ویلحقھم بالضلال والصلاح اباؤھم فلا یاخذکم فی اللہ لومۃ لائم ولا یمیلن بکم عن دین اللہ استھواء من یستھویکم وکید من یکیدکم وطاعۃ من تخرجکم طاعتہ الی معصیۃ ربکم ایھا الناس بنا ھداکم اللہ ونحن المستحفظون فیکم امر اللہ ونحن ورثۃ رسول اللہ والقائمون بدین اللہ فقفوا عند ما نقفکم علیہ وانفذوا لما نامرکم بہ فانکم ما اطعتم خلفاء اللہ وائمۃ الھدی علی سبیل الایمان والتقوی امیر المومنین یستعصم اللہ لکم ویسألہ توفیقکم ویرغب الی اللہ فی ھدایتکم لرشدکم وفی حفظ دینہ علیکم حتی تلقوہ بہ مستحقین طاعتہ مستحقین لرحمتہ واللہ حسب امیر المومنین فیکم وعلیہ توکلہ وباللہ علی ما قلدہ من امورکم استعانتہ ولا حول لامیر المومنین ولا قوۃ الا باللہ والسلام علیکم وکتب ابو القاسم عبید اللہ بن سلیمان فی سنۃ ۲۸۴

(تاریخ طبری مطبوعہ مصر جلد ۱۱ صفحہ ۳۵۴ سطر ۱۹ تا صفحہ ۳۶۰ سطر ۲)

لعنت معویہ کا فرمان جاری کرنیکے لئے خلیفہ معتضد باللہ کا اہتمام

یعنی اسی سال (۲۸۴ ہجری) میں خاندان بنی عباس کے مشہور خلیفہ معتضد باللہ نے پختہ ارادہ کر لیا کہ کل منبروں کے اوپر معویہ بن ابو سفیان پر لعنت کیجائے اور حکم دیا کہ اس غرض سے ایک فرمان لکھکر جاری کیا جائے جو ہر شخص کے سامنے پڑھا جائے اُس کا یہ ارادہ سنکر اُس کے وزیر عبید اللہ بن سلیمان بن وہب نے اس کو ڈرایا کہ اس سے عامہ مسلمین میں بڑی بے چینی پیدا ہو جائیگی اور یہ کہ اگر خلیفہ نے ایسا کیا تو پھر وہ (وزیر) سلطنت میں امن قائم رہنے کا ذمہ دار نہیں ہو سکتا کیونکہ اس کو اطمینان نہیں ہے کہ یہ بات بغیر کسی قسم کا فتنہ قائم ہوئے رہ جائے۔ مگر خلیفہ نے وزیر کے اس کلام کی ذرہ برابر پرواہ نہیں کی۔ لوگ بیان کرتے ہیں کہ خلیفہ معتضد نے جب اس فرمان

کے جاری کرنے کا ارادہ کیا تو اسمیں پہلا کام یہ کیا کہ سب سے مقدم عامہ مسلمین کی طرف توجہ کی اور ان کو حکم دیا کہ ہر شخص اپنے اپنے کاموں میں مشغول رہا کرے۔ اور جلسوں مجمعوں مقدموں میں (جہاں عام طور پر عوام کی بھیڑ ہوا کرتی تھی) نہ جایا کریں۔ نہ حکام کے ہاں گواہی کے لئے جائیں۔ ہاں اگر خود حاکم یا مدعی یا مدعا علیہ کسی کو گواہی کے لئے خاص طور پر بلائے تو وہ جا سکتا ہے۔ اور قصہ کہانی بیان کرنے والے لوگوں کو راستوں میں بیٹھنے سے روک دیا۔ اور ان تمام باتوں کے فرمان اور احکام جاری کر دیئے جو شہر بغداد کے دونوں (مشرقی اور مغربی) طرف سرایوں۔ گزرگاہوں محلّوں۔ بازاروں میں پڑھے جاتے تھے۔ چنانچہ پہلی دفعہ یہ فرمان روز چہارشنبہ ۲۴ جمادی الاولی ۲۸۴ھ میں پڑھے گئے۔ پھر جمعہ ۲۶ جمادی الاولی ۲۸۴ھ کے روز قصہ کہانی بیان کرنے والوں کو دونوں جامع مسجدوں میں بیٹھنے سے منع کر دیا اور جو لوگ فتوؤں یا دوسرے دینی چرچوں کے لئے حلقے قائم کر کے بیٹھتے تھے انکو بھی دونوں جامع مسجدوں ۴ کے صحن میں بیٹھنے سے منع کر دیا۔ پھر اسی سال ماہ جمادی الاخری میں جامع مسجد کے اندر منادی کرا دی کہ لوگ کسی قصہ کہانی بیان کرنے والے وغیرہ کے پاس جمع نہ ہوں۔ اور قصہ کہانی بیان کرنے والوں اور دینی و علمی بحثوں کے لئے حلقہ کر کے بیٹھنے والوں کو بھی بیٹھنے سے روک دیا۔ پھر ۱۱ جمادی الاخری روز جمعہ کو دونوں جامع مسجدوں میں منادی کرا دی کہ جو لوگ مناظرہ مباحثہ یا لڑائی جھگڑے کے لئے کسی جگہ اکٹھے ہونگے انکی خیر نہیں ہوگی۔ اور حکومت انکی جان و مال کی ذمہ وار نہیں ہے۔ اور یہ کہ جو شخص اسکی خلاف ورزی کریگا وہ اپنی جان کو خطرہ میں ڈالیگا۔ پھر پانی پینے والوں اور اُن لوگوں کیطرف جو دونوں جامع مسجدوں میں لوگوں کو پانی پلاتے تھے توجہ کیگئی اور اُنکو حکم دیا گیا کہ معویہ کا نام سُننے پر رحمہ اللہ نہ کہا کریں۔ نہ خدا سے اُس پر رحمت نازل کرنے کی دعا مانگا کریں اور نہ اس کو خیر کے ساتھ ذکر کریں۔ ایک دفعہ لوگوں میں یہ خبر پھیل گئی کہ وہ فرمان جسکو خلیفہ معتضد باللہ نے معویہ پر لعنت کرنے کے متعلق لکھوایا ہے نماز جمعہ

۴ میں بیٹھنے سے روک دیا۔ اور سودا بیچنے والوں کو دونوں جامع مسجدوں

کے بعد مسجد جامع میں منبر پر پڑھا جائیگا۔ اس وجہ سے جب لوگ نماز جمعہ سے فارغ ہوئے تو سب کے سب اس فرمان کے سننے کے لئے منبر کے قریب پہونچگئے مگر اس جمعہ کو وہ فرمان پڑھا نہیں گیا۔

بعض لوگوں کا بیان ہے کہ خلیفہ معتضد باللہ نے حکم دیا کہ وہ فرمان جس کو خلیفہ مامون نے لعنت معویہ کے متعلق لکھوایا تھا نکالا جائے۔ تو دفتر سے وہ فرمان نکالا گیا۔ اور اسی کی عبارتوں سے معتضد باللہ کے اس فرمان کا نسخہ طیار کیا گیا۔ اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ خود خلیفہ معتضد باللہ ہی نے اس فرمان کی عبارت لکھوائی تھی (یعنی اس میں اختلاف ہے کہ اس فرمان کی عبارت جو اس کتاب میں نقل کیگئی ہے مامون کی لکھوائی ہوئی ہے یا معتضد باللہ کی ہے) بہرکیف اس فرمان کا اردو ترجمہ یہ ہے۔

لعنت معویہ کے متعلق معتضد باللہ کے فرمان کا ترجمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ہر قسم کی حمد و ثنا اُس اللہ ہی کے لئے سزاوار ہے جو بہت بلند۔ بہت بڑی عظمت والا۔ بہت بردبار۔ بڑی حکمت والا سب پر غالب اور سب کے حق میں رحیم اور مہربان ہے۔ جو اپنی یکتائی میں منفرد۔ اور اپنی قدرۃ کاملہ سے سب پر ظاہر ہے۔ جو اپنی مشیت اور اپنی حکمت سے جس چیز کو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ وہ خدا ایسا عالم ہے کہ سینوں کے اندر جو باتیں گزرتی رہتی ہیں انکو بھی جانتا رہتا ہے۔ اور دلوں میں جو خیالات پیدا ہوتے رہتے ہیں انکی خبر بھی اسکو رہتی ہے۔ کوئی مخفی بات اس سے پوشیدہ نہیں رہ سکتی اور سب سے اونچے آسمانوں اور سب سے نیچی زمینوں میں بھی اس کے علم سے کوئی چیز ذرہ بھر بھی غائب نہیں رہ سکتی۔ کیونکہ اس کا علم ہر چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہے اور اس نے ہر چیز کو ایک ایک کرکے شمار کر رکھا ہے۔ اور اس نے ہر چیز کے لئے ایک زمانہ معین کردیا ہے۔ اور وہ بڑے علم والا۔ بہت ہی باخبر ہے۔ اور سب تعریف اُس اللہ کے لئے خاص ہے جس نے اپنی مخلوق کو اپنی ہی عبادت کیلئے

پیدا کیا اور اپنے بندوں کو اپنی معرفت ہی کے واسطے خلق کیا۔ اسطرح کہ جو مطیع بندے اسکی اطاعت کرنے والے ہیں انکا علم اسکو پہلے ہی ہو گیا ہے اور جو نافرمان بندے اسکی گناہ کرنے والے ہیں انکے متعلق بھی اس کا حکم گزر چکا ہے۔ تو جو کچھ وہ لوگ بجا لائیں گے اور جس چیز سے وہ بچیں گے اُن سب کو خدا نے ان لوگوں پر ظاہر کر دیا ہے۔ اور ان لوگوں کے لئے نجاۃ کے راستے اُس نے واضح کر دیئے ہیں۔ اور ہلاکت کی راہوں سے انکو ڈرا دیا ہے۔ اور ان لوگوں پر حجت نمایاں کر دی ہے اور معذرت کو اُن کے سامنے کر دیا ہے۔ اور اُن کے لئے اُس دین کو اختیار کر لیا ہے جسکو اُنکے حق میں پسند کیا اور اس سے ان لوگوں کی عزت بڑھا دی۔ اور جو لوگ خدا کے پسندیدہ مذہب کے قبول اور اُس سے تمسک کرنے والے ہیں انکو اُس نے اپنے اولیاء اور فرمان بردار بندے قرار دیا۔ اور جو لوگ اُس سے دشمنی اور اسکی مخالفت کرنے والے ہیں انکو اپنا دشمن اور گنہگار بندے کہا۔ تاکہ جو شخص گمراہ ہونے والا ہے وہ حجت تمام ہوئے پیچھے گمراہ ہو۔ اور جو دین حق پر چلنے والا ہے وہ بھی حجت تمام ہوئے پیچھے دین حق پر چلے۔ اور بے شک اللہ ضرور سب کی سنتا اور سب کچھ جانتا ہے۔

حضرت رسولخدا صلعم کی نعت اور ہر قسم کی تعریف اُس اللہ کے لئے ہے جس نے اپنی تمام مخلوقات سے منتخب کر کے حضرت محمد (مصطفےٰ صلعم) کو اپنا پیغمبر بنایا اور انکو اپنی رسالت کے واسطے اختیار کیا اور آپکو ہدایت اور پسندیدہ مذہب کے ساتھ اپنے تمام بندوں کیطرف بھیجا۔ اور آپ پر وہ کتاب (قرآن مجید) نازل کی جو بالکل واضح ہے اور جسکے احکام صاف صاف لکھے ہوئے ہیں اور لوگونکو جتا دیا کہ وہ سب آپ کی مدد اور حمایت کریں اور خود بھی غلبہ اور مستحکم دلیل سے حضرت کی تائید کی۔ تو جس کو ہدایت حاصل کرنا تھا اُس نے آپکے ذریعہ سے سیدھی راہ دیکھ لی اور جس نے آپ کی دعوت قبول کی اُس نے آپکی وجہ سے گمراہی سے نجاۃ حاصل کر لی۔ اور جس نے حضرت کی اچھی باتوں سے روگردانی کی اور جو

حضرت سے پھر گیا وہ اچھی طرح گمراہی میں پڑ گیا۔ یہاں تک کہ اللہ نے حضرت کے امر کو ظاہر کر دیا اور آپکی مدد کو غلبہ دیا۔ اور آپکے مخالف پر اپنا قہر نازل کیا۔ اور آپکے لئے اپنا وعدہ پورا کیا۔ اور آپ کے ذریعہ سے اپنے رسولوں کا سلسلہ ختم کر دیا اور پھر آپ کو اس شان سے اپنے ہاں بلا لیا کہ آپنے اُسکے مذہب کو لوگوں تک پہونچا دیا اسکے رسالت کی تبلیغ کر دی۔ اپنی امت کی نصیحت کا حق ادا کر دیا۔ خدا آپ سے خوش رہا اور آپ سیدھی راہ پر رہے۔ اسطرح حضرت دنیا سے جانیوالوں کی بہترین جگہ اور انبیاء مرسلین کے اعلیٰ منازل اور کامیاب بندگان خدا کے سب سے اونچے مقام پر پہونچ گئے۔ خدا حضرت پر اور حضرت کی طیب طاہر آل پر اپنی بہترین صلاۃ اور سب سے زیادہ مکمل۔ سب سے زیادہ جلیل الشان سب سے زیادہ عظیم الشان سب سے زیادہ پاکیزہ اور سب سے زیادہ مطہر درود نازل کرتا رہے۔

اور ہر طرح کی تعریف اُس خدا کے لئے ہے جس نے اِس وقت کے خلیفہ (مجھ معتضد باللہ) کو اور اسکے بزرگوں کو حضرت خاتم النبیین و سید المرسلین کا وارث اور دین اسلام کا قائم رکھنے والا۔ اور اسکے عباد مومنین کی اصلاح کرنیوالا اور ودیعتہائے حکمت و مواریث نبوۃ کا حفاظت کرنے والا۔ اور امت کا خلیفہ اور عزت و طاقت و تائید و غلبہ سے مدد کیا ہوا قرار دیا یہاں تک کہ اللہ نے اپنے اس دین (اسلام) کو کل مذہبوں پر غالب کر دیا۔ اگرچہ مشرکین اس بات کو نہایت ناپسند ہی کرتے رہے۔

لعنت معویہ جاری کرنیکی تمہید اس وقت کے خلیفہ (یعنی مجھ معتضد باللہ) کو وہ بات معلوم ہوئی جس پر عامہ مسلمین کی ایک جماعت ہے کہ انکے مذہب کے متعلق ایک شبہہ اُن کے دل میں پیدا ہو گیا ہے۔ اور ان کے اعتقادات کے بارے میں ایک خرابی اُنمیں حادث ہو گئی ہے۔ اور انمیں وہ تعصب آگیا ہے جس پر انکی ہوا و ہوس نفسانی غالب آگئی ہے۔ اور جسکو اُن کی زبانیں ظاہر کر رہی ہیں حالانکہ اس کو ان لوگوں نے بغیر معرفت کے اور بے سوچے سمجھے اختیار کر لیا ہے۔

اور اس اعتقاد میں ان لوگوں نے ضلالت اور گمراہی کے سرداروں کی پیروی بغیر کسی دلیل اور حجت کے کرلی ہے۔ اور جو حدیثیں قابل عمل تھیں اُن سب کو ترک کرکے گمراہی کی خواہشوں کیطرف جھک پڑے ہیں۔ حالانکہ خدا فرماتا ہے وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوَاهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ یعنی اُس سے زیادہ گمراہ کون ہوسکتا ہے کہ خدا کی ہدایت کو چھوڑ کر وہ اپنی نفسانی خواہش کی پیروی کرے بیشک اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں دیا کرتا (پارہ ۲۰ رکوع ۸) یہ سب کرکے یہ لوگ (حق کی) جماعت سے نکل گئے اور فتنہ و فساد کیطرف جلدی کی اور اختلاف کو اختیار کیا اور کلمۂ اسلام کو پراگندہ کیا۔

بنی امیہ شجرہ ملعونہ ہیں اور اون لوگوں کی دوستی ظاہر کی جن سے کل تعلقات کو خود خدا نے قطع کردیا ہے اور جنکی حفاظت کو کاٹ دیا ہے اور جن کو ملت (اسلام) سے خارج کردیا ہے۔ اور جن پر لعنت بھیجنا واجب کردیا ہے۔ اور ان لوگوں (ہمارے زمانے کے سنیوں) نے اُن لوگوں (بنی امیہ) کی تعظیم کرنی چاہی جن کے حق کو خود خدا نے حقیر اور جن کے امر کو ذلیل اور جنکے رکن کو ضعیف کردیا ہے وہ بنی امیہ ہیں جو شجرہ ملعونہ (وہ درخت جسپر لعنت ہی ہوتی رہتی ہے) ہیں۔

اہلبیت کی برکت اور اُن لوگوں (سُنیوں) نے ایسا اس لئے کیا کہ اُن بزرگوں (اہلبیت) کی مخالفت کریں۔ جنکے ذریعہ سے خدا نے اِن لوگوں کو گمراہی سے نکالا ہے اور جنکی وجہ سے اِن لوگوں پر اپنی نعمت تمام کی ہے جو اہل بیت صاحب برکت و رحمت ہیں۔ خدا نے فرمایا ہے کہ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ یعنی خدا جسکو چاہتا ہے اپنی رحمت کے لئے مخصوص کرلیتا ہے اور اللہ صاحب فضل عظیم ہے (پارہ ۱ رکوع ۱۳)۔ تو اس وقت کے خلیفہ (مجھ معتضد باللہ) کو جب یہ حالات معلوم ہوئے تو مجھ پر ان کا بڑا سخت اثر ہوا اور میں نے اس پر خاموش رہنے میں مذہب کا شدید نقصان دیکھا اور جن مسلمانوں کے امر دین و دنیا کا ذمہ دار خدا نے ہم لوگوں کو بنایا ہے انکے

لئے میں نے اس کو باعث فساد سمجھا۔ اور خدا نے جو ہم لوگوں کے متعلق مخالفین دین حق کی اصلاح اور جاہلوں کی ہدایت اور شک میں رہنے والوں پر حجت کا قائم کرنا اور دشمنوں پر تلوار کھینچنا واجب کیا ہے اس سے ہم لوگوں کی لاپروائی ثابت ہوتی ہے

اسلام پر بنی ہاشم کے حقوق اور احسانات

مسلمانو! مذکورہ بالا وجوہ سے خلیفہ وقت (میں معتضد باللہ) تم لوگوں پر اس امر کو واضح کر دیتا ہے کہ اللہ عزوجل نے جب حضرت محمدؐ (مصطفیٰؐ) کو اپنے دین کے ساتھ بھیجا اور حضرت کو حکم دیا کہ اس مذہب کیطرف لوگوں کو دعوت دیں تو حضرت نے اپنے اہل اور اپنے قبیلہ سے اسکو شروع کیا کہ پہلے انھیں لوگوں کو اپنے پروردگار کیطرف بلایا اور ان کو ڈرایا۔ انکو خوشخبری دی اور انکی نصیحت کی اور انکو سیدھا راستہ دکھلایا۔ تو جن لوگوں نے اُس وقت حضرت کی دعوت قبول اور حضرت کے قول کی تصدیق اور آپ کے مذہب کی پیروی کی وہ حضرت ہی کے گھر کے چند آدمی تھے۔ انمیں سے کچھ لوگوں نے تو کھلم کھلا حضرت کے مذہب کو قبول کر لیا۔ اور کچھ وہ تھے جو اگرچہ حضرت کے مذہب میں داخل نہیں ہوئے مگر حضرت کی حمایت اور محبت میں حضرت کی مدد کرتے رہے کیونکہ اُن لوگوں سے جن کو خدا نے اختیار کر لیا تھا۔ اور جن کے متعلق حضرت کی خلافت اور میراث نبوت سپرد کرنے کے لئے اُسکی مشیت جاری ہو چکی تھی اس کا علم خدا کو پہلے ہی سے ہو چکا تھا۔ تو ان لوگوں سے جو مسلمان ہو گئے تھے وہ تو حضرت کی نصرت میں جہاد کرتے تھے اور جو حضرت کی حمایت پر آمادہ ہوئے تھے وہ حضرت کے مخالفوں کو دفع کرتے اور حضرت کی برائی کرنے والوں اور دشمنوں کو ہٹاتے رہتے اور جو حضرت کی پشت پناہی اور مدد کرتے انکے لئے اپنا سینہ سپر کئے رہتے۔ اور جو حضرت کی نصرت پر طیار ہوتا اسکی بیعت حاصل کرتے۔ اور حضرت کے لئے دشمنوں کی خبروں کا پتہ لگاتے رہتے اور حضرت کی غیبت میں بھی حضرت کی کامیابی کے لئے وہ سب تدبیریں کرتے رہتے

جو حضرت کے سامنے کرتے۔

اسلام پر اہلبیتؑ کے حقوق اور احسانات

یہاں تک کہ وہ زمانہ آگیا اور ہدایت پانیکا وقت پہونچ گیا تو لوگ خدا کے دین اور اسکی اطاعت اور اسکے رسولؐ کی تصدیق اور اُن پر ایمان لانے میں مضبوط اعتقاد۔ بہتر بن ہدایت اور دلی رغبت سے داخل ہونے لگے۔ لہذا ان حضرات کو (جنہوں نے حضرت رسولخداؐ کی مذکورہ بالا مدد کی) خدا نے اہلبیتِ رحمت اور اہلبیتِ دین قرار دیا۔

حضرات اہلبیتؑ کے فضائل

اَذْهَبَ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهَّرَهُمْ تَطْهِيرًا

یعنی خدا نے اُن لوگوں سے کل خرابیوں کو دور رکھا ہے اور انکو اس قدر پاک و پاکیزہ کیا ہے جس سے زیادہ ممکن ہی نہیں ہے اور خدا نے اہلبیت ہی کو حکمت کے معدن اور نبوت کے وارث اور خلافت کی جگہ بنایا ہے۔ اور ان حضرات کے لئے فضیلت کو واجب کیا ہے۔ اور بندوں پر انکی اطاعت و فرماں برداری فرض قرار دی ہے۔

بنی امیہ کی عداوت و مخالفت اسلام

اور حضرت رسولخداؐ کے اہل وطن اور قوم سے جن لوگوں نے حضرت کی عداوت ظاہر اور حضرت سے مخالفت کی اور آپکو جھٹلایا اور حضرت سے لڑے انکی تعداد زیادہ تھی اور وہی سواد اعظم تھے کہ حضرت کی ہر بات کو جھٹلانے اور آپکو بُرا کہنے اور اذیت پہونچانے اور ڈرانے اور دھمکی دینے پر آمادہ رہتے تھے اور علانیہ آپ سے دشمنی کرتے اور آپکے لئے میدان جنگ کو طیار رکھتے اور جو شخص حضرت کیطرف جانا چاہتا تھا اوسکو روکتے تھے۔ اور جو حضرت کی پیروی کرتا تھا اسکو انواع و اقسام کے عذاب میں مبتلا کرتے تھے۔ اور انمیں سب سے زیادہ حضرت کی عداوت اور سب سے سخت آپکی مخالفت جن لوگوں میں تھی اور جو حضرت سے جنگ کے لئے سب کے آگے آگے رہتے تھے وہ بنی امیہ ہی تھے کہ اسلام سے لڑنے کے لئے کوئی جھنڈا نہیں اُٹھایا گیا مگر یہ کہ اسکے علم بردار یہی لوگ تھے۔ اور دین حق کو مٹانے کے لئے کوئی علم نہیں بلند کیا گیا مگر یہ کہ اس کا سردار اور پیشوا اور لیڈر یہی خاندان تھا۔ خواہ وہ غزوہ بدر ہو خواہ غزوہ احد۔ خواہ غزوہ خندق خواہ غزوہ فتح مکہ۔ ان بنی امیہ کا بزرگ ابوسفیان بن حرب تھا اور اسکے اتباع اسکے خاندان والے

بنی امیہ خدا اور رسول سب کے ملعون ہیں یہ بنی امیہ خدا کی کتاب (قرآن) میں بھی ملعون کہے گئے ہیں۔ اور حضرت رسولخدا ص کی زبان پر بھی ملعون بنائے گئے ہیں۔ اور ایک دفعہ نہیں بلکہ متعدد جگہوں اور بکثرت مقامات میں۔ کیونکہ ان لوگوں کا نفاق اور کفر پہلے ہی سے خدا کو معلوم تھا۔ پس جہاں تک ہو سکا ان لوگوں نے اسلام کو کمزور کرنا چاہا۔ حضرت سے لڑتے رہے۔ آپکی عداوۃ اور مخالفت کا کوئی دقیقہ نہ اُٹھا رکھا۔ یہاں تک کہ اسلام کی تلوار نے ان لوگوں کی قوۃ توڑ دی اور خدا کا دین بلند ہو کر رہا۔ جس سے ان لوگوں کے دلوں پر سانپ لوٹتا رہا۔ لہذا (مجبوراً) ابوسفیان نے بھی زبان سے اسلام کا اقرار کر لیا۔ اگرچہ دل میں اسلام ذرہ برابر بھی نہ تھا بلکہ وہ کفر کو چھپائے ہوئے تھا جس سے ایک سکنڈ کے لئے بھی جدا نہ ہوا۔ تو حضرت رسولخدا اور دوسرے مسلمانوں نے بھی اسکے اس نفاق کو پہچان لیا

بنی امیہ مولفۃ القلوب اور شجرہ ملعونہ ہیں اور اسی وجہ سے حضرت نے ان لوگوں کو مولفۃ القلوب قرار دیا اور باوجودیکہ حضرت کو ان کے دل کی حالت معلوم تھی مگر اسی تالیف قلب کی غرض سے ابوسفیان اور اسکے لڑکوں کے ظاہری اقرار اسلام کو قبول کر لیا۔ تو جن الفاظ میں خدا نے ان بنی امیہ پر اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے لعنت کرائی اور جس لعنت کو قرآن مجید میں بھی نازل کیا وہ خدا کا یہ قول ہے۔ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُونَةَ فِي الْقُرْآنِ وَنُخَوِّفُهُمْ فَمَا يَزِيدُهُمْ إِلَّا طُغْيَانًا كَبِيرًا یعنی اس درخت (بنی امیہ) کو جس پر قرآن میں لعنت کیگئی ہے کیونکہ باوجودیکہ ہم ان لوگوں کو طرح طرح ڈراتے رہے مگر یہ لوگ برابر اپنی سرکشی میں بڑھتے ہی گئے (پارہ ۱۵ رکوع ۶) اور اسکے متعلق کسی ایک شخص کو بھی اختلاف نہیں کہ خدا نے اس آیہ میں شجرہ ملعونہ بنی امیہ ہی کو کہا ہے۔ اور انھیں باتوں سے حضرت رسولخدا ص کی وہ حدیث بھی ہے کہ جب حضرت نے دیکھا کہ ابوسفیان ایک گدھے پر سوار چلا آرہا تھا اور معویہ اسکی لگام کھینچ رہا تھا اور اس کا دوسرا بیٹا یزید پیچھے سے اس گدھے کو ہنکا رہا تھا تو حضرت نے تینوں کے متعلق فرمایا لعن

اللّٰہُ الْقَائِدَ وَالرَّاکِبَ وَالسَّائِقَ یعنی خدا لعنت کرے اس کھینچنے والے (معویہ) پر اور اس سوار (ابوسفیان) پر اور اس ہنکانے والے (یزید بن ابوسفیان) پر۔

بنی امیہ کا جنت و نار سے انکار کرنا اور انھیں باتوں سے ابوسفیان کا وہ قول بھی ہے جسکو محدثین نے روایت کیا ہے کہ اُس نے کہا یَا بَنِیْ عَبْدِ مَنَافٍ تَلَقَّفُوْهَا تَلَقُّفَ الْکُرَةِ فَمَا هُنَاكَ جَنَّةٌ وَّلَا نَارٌ یعنی اے بھائیو اس حکومت کو گیند کیطرح لوکتے رہو کہ (جو کچھ ہے صرف دنیا اور اس کا مزہ اور حقیقت میں) نہ بہشت کوئی چیز ہے نہ جہنم۔ اور ابوسفیان کا یہ قول صاف صاف کفر تھا جسکی وجہ سے اُسپر خدا کی لعنت اُسیطرح پڑیگی جس طرح حضرت داؤد اور حضرت عیسیٰ بن مریمؑ کی زبان سے بنی اسرائیل کے اُن لوگوں پر پڑی جنھوں نے اپنے زمانہ کے انبیاء کو نہیں مانا اور کافر رہ گئے اور اسکی وجہ بھی یہی تھی کہ وہ خدا کی نافرمانی کرتے اور حد سے بڑھ بڑھ جاتے تھے۔ اور ان باتوں سے یہ بھی ہے جسکی روایت محدثین کرتے ہیں کہ جب ابوسفیان آخر عمر میں نابینا ہو گیا تو ایک دفعہ کوہ احد کی گھاٹی پر ٹھہر کر اُس شخص سے جو اس کا ہاتھ پکڑ کر لیجاتا تھا کہا کہ هٰهُنَا ذَبَبْنَا مُحَمَّدًا وَّاَصْحَابَهٗ کہ اسی جگہ ہم نے محمد اور اسکے ساتھیوں کو ڈھکیلا تھا۔

بنی امیہ کے متعلق آنحضرتؐ کا خواب اور ان باتوں سے وہ خواب بھی ہے جسکو حضرت رسولخداؐ نے دیکھا تھا جس کا آپ پر یہ اثر ہوا کہ بالکل خاموش ہو گئے اور پھر اس کے بعد کسی نے حضرت کو کبھی ہنستے یا مسکراتے نہیں پایا اسی سے خدا نے آنحضرت صلعم پر یہ آیت نازل فرمائی وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِیْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ یعنی اے رسول جو خواب ہم نے تم کو دکھایا وہ لوگوں کے لئے بڑا فتنہ ہے (پارہ ۱۵ رکوع ۱۶) اس کا واقعہ مفسرین و محدثین نے یہ بیان کیا ہے کہ حضرت نے خواب میں دیکھا کہ بنی امیہ کے کچھ لوگ حضرت کے منبر پر کودتے اور اُچکتے ہیں۔

حکم بن العاص کی جلاوطنی اور ان باتوں سے یہ بھی ہے کہ حضرت رسولؐ

نے بنی امیہ کے دوسرے بڑے رکن حکم بن ابی العاص کو مدینہ سے جلا وطن کر دیا تھا یہ وہی حکم ہے (جو خلیفہ ثالث حضرت عثمان کا چچا تھا) جسکو اس وجہ سے حضرت نے مدینہ سے جلا وطن کر دیا تھا کہ وہ حضرت کی چال وغیرہ کی نقل کیا کرتا تھا تو خدا نے اسکو آنحضرت صلعم کی بددعا پر ایک باقی رہنے والی نشانی بنا دی کیونکہ جب حضرت نے اس کو دیکھا تھا کہ یہ اسیطرح حضرت کی نقل میں جھک کر اور ٹیڑھا ہو کر چل رہا ہے تو فرما دیا تھا کہ تو واقعاً ایسا ہی ہو جا۔ لہذا وہ ایسا ہی ہو گیا۔ اور مدۃ العمر ویسا ہی رہ گیا۔ یہاں تک کہ اسکے بیٹے مروان نے اُس فساد کا دروازہ کھولا جو اسلام میں پہلا فتنہ تھا جس فتنہ میں اور جسکے بعد بھی جو خونریزی ہوئی اور جس قدر حرام لہو بہایا گیا اُن سب کا وبال اُسی مروان کے سر ہوگا۔

حکومت بنی امیہ لیلۃ القدر بہتر ہے اور اُن باتوں سے یہ بھی ہے کہ خدا نے اپنے پیغمبر پر جو قرآن نازل کیا اسکی سورہ قدر میں یہ آیۃ نازل فرمائی لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ یعنی ایک شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے ان ہزار مہینوں سے انھیں بنی امیہ کی حکومت کا زمانہ مراد ہے۔

بددعاے رسولؐ کہ معویہ کا پیٹ کبھی نہ بھرے اور ان باتوں سے یہ بھی ہے کہ ایک دفعہ حضرت رسولخداؐ نے معویہ کو بلایا کہ اپنے سامنے اس سے کچھ لکھوائیں تو اُس نے حضرت کا حکم ٹالدیا اور حیلہ کیا کہ جا کر کہدیا کہ وہ کھا رہا ہے۔ اسپر آنحضرتؐ نے اسکے بارے میں بددعا کی کہ لَا اَشْبَعَ اللّٰهُ بَطْنَهٗ یعنی خدا کبھی اسکی پیٹ کو نہ بھرے۔ اس دعا کا یہ اثر ہوا کہ معویہ کھاتا جاتا تھا مگر کبھی اُس کا پیٹ نہیں بھرتا تھا۔ اور کھاتے کھاتے جب اُس کا منہ دُکھنے لگتا تھا تو کہتا تھا خدا کی قسم میں جو کھانا چھوڑ دیتا ہوں تو اس وجہ سے نہیں کہ میرا پیٹ بھر جاتا ہے بلکہ اس سبب سے کہ کھاتے کھاتے تھک جاتا ہوں۔

معویہ غیر ملت اسلام پر محشور ہوگا اور اُن باتوں سے یہ بھی ہے کہ حضرت

رسولخدا صلعم نے ایک مرتبہ فرمایا کہ اس راہ سے میری امت کا وہ شخص برآمد ہوگا جس کا حشر میری امت پر نہیں بلکہ دوسری امت پر ہوگا۔ اسکے بعد ادھر سے فوراً معویہ برآمد ہوا۔

معویہ کو قتل کردو اور اُن باتوں سے یہ بھی ہے کہ حضرت رسولخدا صلعم نے ارشاد فرمایا تھا کہ جب تم لوگ معویہ کو منبر پر دیکھو تو اس کو قتل کردینا۔

معویہ آگ کے تابوت میں اور اُن باتوں سے وہ مشہور و معروف حدیث بھی ہے کہ حضرت رسولخدا صلعم نے ارشاد فرمایا۔ اِنَّ مُعٰوِیَۃَ فِیْ تَابُوْتٍ مِنْ نَارٍ فِیْ اَسْفَلِ دَرْکٍ مِنْھَا یُنَادِیْ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ اَلْاٰنَ وَقَدْ عَمِیَتْ قَبْلُ وَکُنْتُ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ یعنی یقیناً معویہ آگ کے ایک تابوت میں ڈال کر جہنم کے سب سے نیچے کے طبقہ میں جھونک دیا جائیگا وہاں وہ چیخا کریگا کہ اے حنان۔ اے منان اب میں تجھ سے فریاد کرتا ہوں حالانکہ اس سے پہلے میری بڑی نافرمانی کی اور میں بڑے مفسدوں سے ہوں۔

حضرت امیر المومنینؑ کے فضائل اور معویہ کی آپ سے جنگ اور اُن باتوں سے یہ بھی ہے کہ معویہ اُس بزرگ سے لڑنے کے لئے آمادہ ہوگیا جو اپنے مرتبہ کے اعتبار سے اسلام میں کل مسلمانوں سے افضل۔ اور اعلان اسلام میں سب سے اول اور آگے تھے اور جن کا احسان اسلام پر سب سے بڑا اور جنکی خدمات اسلام میں سب سے زیادہ تھیں اور جن کا ذکر سب سے بہتر تھا یعنی حضرت علی ابن ابیطالبؑ سے اور اس جنگ کی غرض صرف یہ تھی کہ معویہ اپنی باطل تدبیروں سے حضرت کے حق کو چھین لے۔ اور اپنی گمراہیوں کے ساتھ حضرت کے انصار سے لڑا کرے اور اُس بات کی کوشش کرے جس امر کی کوشش وہ اور اُس کا باپ (ابوسفیان) پہلے بھی (حضرت رسولخدا صلعم کے مقابلہ میں) کرچکے تھے کہ نور خدا کو بجھادیں اور خدا کے دین کو مٹادیں وَیَاْبَی اللّٰہُ اِلَّآ اَنْ یُّتِمَّ نُوْرَہٗ وَلَوْ کَرِہَ الْمُشْرِکُوْنَ حالانکہ خدا کو تو یہی منظور ہے کہ ہر طرح اپنے نور کی روشنی کو پورا کرکے رہے اگرچہ

کافروں کو بُرا ہی کیوں نہ لگے (پارہ ۱۰ رکوع ۱۱) وہ اپنی مکاری اور فتنہ سازی سے نادانوں کو حیران و پریشان کرتا رہتا اور جاہلوں کو دھوکہ فریب دیکر اپنے سے ملاتا رہتا تھا۔ اسکی ان باتوں کی خبر حضرت رسولخدا صلعم نے پہلے ہی دے رکھی تھی۔

عمار کو فئہ باغیہ قتل کریگا چنانچہ حضرت نے اپنے محترم صحابی جناب عمار رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا کہ یَقْتُلُکَ الْفِئَۃُ الْبَاغِیَۃُ تَدْعُوْھُمْ اِلَی الْجَنَّۃِ وَیَدْعُوْنَکَ اِلَی النَّارِ یعنی اے عمار تم کو باغی جماعۃ قتل کریگی تم اسکو بہشت کیطرف بلاؤ گے اور وہ تم کو جہنم کیطرف بلائیگی۔

معویہ کی دنیا پرستی اور مکر و فریب معویہ نے یہ سب اس لئے کیا کہ دنیا کی چند روزہ زندگی کو اس نے پسند کیا اور آخرت کی زندگی پر لات ماردی۔ اسوجہ سے وہ حلقہ اسلام سے خارج ہوگیا اور جس خون کا بہانا حرام تھا اسکو اس نے حلال سمجھ لیا۔ یہاں تک کہ اُس نے اپنے اس فتنہ اور اپنی اس گمراہی کی راہ میں اس قدر لوگوں کا خون بہایا جنکے عدد کا شمار ہی نہیں ہوسکتا۔ اور جن کا خون بہایا یہ بہترین مسلمان تھے۔ جو خدا کے دین سے باطل کو دفع کرتے اور اُسکے حق کے مددگار رہتے۔ معویہ خدا سے لڑتا تھا اور اس امر کی کوشش کرتا تھا کہ خدا کی نافرمانی کیجائے اور کسیطرح اسکی اطاعت نہ ہو۔ اور اس کے کل احکام مٹادیئے جائیں کوئی بھی ان پر قائم نہ رہے۔ اور اسکے دین کی مخالفت کیجائے اور کوئی اس کا پابند نہ ہو۔ اور گمراہی کا کلمہ بلند اور باطل کی دعوت اونچی رہے حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ اللہ ہی کا کلمہ بلند ہونے والا ہے اور اُسی کے مذہب کی مدد کیجائیگی اور اُسی کا حکم مانا گیا اور جاری اور اُسی کا امر غالب رہیگا۔ اور جو شخص اس سے مخالفت کریگا اُسی کا مکر و فریب مغلوب اور پست ہوگا۔ غرض معویہ اُن تمام لڑائیوں اور اُن کے آثار و نتائج کا بوجھ اپنے سر پر اٹھائے ہوئے

اور جس قدر خون ریزی اُس زمانہ میں اور پھر جو کچھ اسکے بعد ہوئی اُن سب کا طوق اپنی گردن میں پہلے ہی۔ اور اُس فساد کی راہوں کو قائم کر دیا جس کا کل گناہ اور اُن لوگوں کا بھی کل گناہ جو اس فساد کی راہوں پر قیامت تک عمل کرتے رہینگے سب اُسی پر ہوگا۔ اور اُس نے محرمات کو اُن لوگوں کے لئے جائز اور حلال کر دیا جو اُن کا ارتکاب کرتے رہے۔ اور حقداروں کو اُن کے حقوق سے محروم کر دیا۔ وہ اس زعم باطل میں پڑا رہا کہ خدا نے اُس کو ڈھیل دیدی تھی اور اس کے آنکھوں پر اس بات کا پردہ پڑا تھا کہ اللہ نے اس کو مہلت دے رکھی تھی (کہ جہاں تک دنیا میں ظلم و فساد کرتا ہے کرلے جس طرح شیطان کو مہلت اور ڈھیل دیدیگئی ہے) حالانکہ خدا اُسکے لئے تاک اور گھات میں لگا رہا۔

معویہ کا بہترین صحابہ کو قتل کرنا اور اُن باتوں سے جو بتاتی ہیں کہ خدا نے معویہ پر لعنت کرنا واجب کیا ہے یہ بھی ہے کہ اُس نے بہترین صحابہ رسولخدا اور تابعین اور صاحبان فضل و دیانت کو گرفتار کرا کرکے بے قصور قتل کر دیا۔ جیسے عمرو بن الحمق اور حجر بن عدی وغیرہ۔ اُس نے ان لوگوں کو اس خیال میں قتل کیا کہ اس طرح اسکو غلبہ اور بادشاہت اور تسلط حاصل ہو جائیگا حالانکہ حقیقی غلبہ بادشاہت تسلط اور قدرت تو اللہ ہی کے لئے ہے۔ اور اللہ عزوجل نے ارشاد فرمایا ہے کہ وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا۔ یعنی جو شخص کسی مومن کو جان بوجھکر قتل کر ڈالے تو اسکی سزا دوزخ ہے جسمیں وہ ہمیشہ رہیگا اور اُسپر اللہ کا غضب نازل ہوگا اور اُسپر خدا کی لعنت رہیگی اور اللہ نے اُسکے لئے بڑا سخت عذاب طیار کر رکھا ہے۔ (پارہ ۵ رکوع ۲۰)

معویہ کا زیاد کو اپنا بھائی بنالینا اور جن باتوں سے معویہ اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی لعنت کا مستحق ہوا اُنمیں یہ بھی ہے کہ اُس نے دعوی کیا کہ سمیہ (رنڈی) کا لڑکا زیاد اُس کا بھائی ہے۔ اس کام سے اُس نے اللہ کے مقابلہ

میں بڑی جرأت کی حالانکہ خدا فرماتا ہے اُدْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللَّهِ یعنی فرزندوں کو اُن کے حقیقی باپ کے نام سے بلایا کرو یہی بات اللہ کے نزدیک قرین انصاف ہے (پارہ ۲۱ رکوع ۱۷) اور حضرت رسولخدا صلعم نے فرمایا ہے کہ مَلْعُونٌ مَنِ ادَّعَىٰ إِلَىٰ غَيْرِ أَبِيهِ وَانْتَمَىٰ إِلَىٰ غَيْرِ مَوَالِيهِ یعنی جو شخص اپنے باپ کے سوا کسی اور کے ہونیکا دعویٰ کرے وہ ملعون ہے اور جو شخص اپنے سرپرستوں کے سوا کسی طرف منسوب ہو وہ بھی ملعون ہے۔ اور حضرت نے یہ بھی فرمایا ہے کہ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ یعنی لڑکا شوہر ہی کا سمجھا جائیگا اور زنا کرنے والے کے لئے پتھر ہے [1] تو معویہ نے اللہ کے حکم اور رسولخدا صلعم کے فرمان کی صاف صاف مخالفت کی اور اس حکم کو الٹ کر لڑکے کو اس کے لئے بنا دیا جو شوہر نہیں تھا اور یہ اصول مقرر کر دیا کہ زنا کرنے والے کو اس کے زنا کا نقصان نہیں ہوتا۔ غرض معویہ نے اپنے اس دعوی نسب سے ام حبیبہ زوجہ نبی صلعم اور دوسری عورتوں کو زیادہ سے بے پردہ کر کے اللہ اور اس کے رسول کے محارم میں اُس بات کو داخل کر دیا جس کو خدا نے حرام کر دیا تھا۔ اور اس دعوی سے ایسی قرابت ثابت کی جس کو خدا نے دور کر رکھا تھا۔ اور اس جدید غلط رستہ سے ان امور کو مباح کر دیا جن کو خدا نے ناجائز کیا تھا۔ یہ وہ باتیں ہیں کہ ایسا خلل اسلام میں اس سے پہلے نہیں ہوا تھا۔ اور دین اسلام میں ایسا انقلاب عظیم اس کے قبل نہیں پیدا ہوا تھا۔

یزید کو خلیفہ بنانیکا فتنہ اُن باتوں سے یہ بھی ہے کہ اس نے دین کو دنیا پر قربان

---

[1] حضرات اہلسنت کے پیشوائے دین جناب مولوی وحید الزماں خانصاحب حیدرآبادی نے لکھا ہے اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ لڑکا خاوند کا یا لونڈی کے مالک کا سمجھا جائیگا اور زنا کرنے والے کے لئے پتھر ہے یعنی اُسکو کچھ نہیں ملیگا۔ یہ حدیث ایک صحابی نے معویہ سے بیان کی۔ جب انھوں نے زیاد ولد الحرام کو اپنا بھائی بنایا تو معویہ نے حدیث پر کچھ توجہ نہ کی بلکہ اُن صحابی کو بُرا بھلا کہا۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔
(انوار اللغۃ پارہ ۲۰ صفحہ ۱۴۱)

قربان کر دیا اور بندگان خدا کو اپنے بیٹے یزید کی بیعت کیطرف بلایا۔ وہ یزید جو اول درجہ کا متکبر اور شراب خوار تھا۔ مرغوں۔ چیتوں اور بندروں کے کھیل کود میں رہتا تھا معویہ نے نیکو کار مسلمانوں پر ظلم و قہر کرکے دباؤ ڈال کر۔ دھمکا کر۔ ڈرا کر اور جھوٹے وعدے کرکے اُن سے اسی یزید کی بیعت لینا شروع کی حالانکہ اُسکو یزید کی حماقتوں کا پورا علم تھا اور وہ اسکی خباثتوں اور دست درازیوں سے اچھی طرح واقف تھا اور اسکی شراب خواری اور فسق و فجور و کفر کے واقعات سب اسکی پیش نظر تھے۔ غرض جس سامان کی معویہ نے اس کے لیئے کوشش کی جب وہ یزید کو حاصل ہو گیا اور جس بات کے اہتمام میں وہ لگا ہوا تھا وہ یزید کو ملگئی جس کے انجام دینے میں اُس نے اللہ کی بھی نافرمانی کی اور رسول خدا صلعم کی بھی۔ تب یزید مسلمانوں سے مشرکین کا بدلہ لینے پر آمادہ ہو گیا اور انکی دشمنی کا جو ارادہ اسکے دلمیں تھا وہ سب پورا کرنے لگا۔ اسی وجہ سے حرہ والوں پر ایسا شرمناک ظلم کیا جس کا مثل اسلام میں نہیں ہوا تھا۔ اور اس واقعہ میں صالحین کے ساتھ جو اندھیر اس نے کیا ایسا فحش واقعہ بھی اسلام میں نہیں ہوا تھا۔ اسکے دلمیں اسلام سے انتقام لینے کا جو جوش تھا اُس کو اس نے اسطرح پورا کر لیا اور اپنا پورا غصہ اس پر نکال لیا اور یہ گمان کر لیا کہ اُس نے اولیاء خدا سے عوض لے لیا اور دشمنان خدا کی عداوت کو حد درجہ پر پہونچا دیا۔ چنانچہ اپنے کفر کا اعلان اور اپنے شرک کا اظہار کرتے ہوئے یہ اشعار کہے ؎

لیت اشیاخی ببدر شہدوا۔ جزع الخزرج من وقع الاسل + قد قتلنا القرم من ساداتکم۔ وعدلنا میل بدر فاعتدل + فاھلوا واستھلوا فرحا ثم قالوا یا یزید لا تشل + لست من خندف ان لم انتقم من بنی احمد ما کان فعل + لعبت ھاشم بالملک فلا۔ خبر جاء و لا وحی نزل

یعنی کاش میرے وہ بزرگ جو غزوہ بدر میں مارے گئے دیکھتے کہ میرے نیزے کی تلوار کی مار سے قبیلہ خزرج میں کس قدر شور بپا ہے۔ اے مدینہ والو تم لوگوں کے سرداروں کے بھی سردار (امام حسینؑ) کو میں نے قتل کر دیا اور غزوہ بدر کے

جھکے ہوئے ترازو کے پلہ کو میں نے برابر کرنا چاہا تو وہ خوب برابر ہو گیا۔ اس وقت میرے بزرگ خوش ہو جاتے اور لبیک لبیک کہتے ہوئے میرا جواب دینے کو بڑھتے اور مبارکباد دیکر کہتے کہ اے یزید تو ہمیشہ زندہ اور آباد رہ۔ تو نے بڑا کام کیا۔ محمد مصطفےٰ نے جو کچھ کیا اگر میں اُن سب کا بدلہ اور انتقام اُنکی اولاد سے نہیں لیتا تو میں بنی امیہ کے خاندان ہی سے نہیں ہوتا۔ بنی ہاشم تو (اسلام کا نام لیکر درحقیقت) حکومت اور بادشاہت کی کھیل کھیلنا چاہتے تھے (اسی لئے نبوت اور اسلام کا ڈھکوسلا کھڑا کر رکھا تھا) ورنہ واقعہ تو یہ ہے کہ محمد مصطفےٰ کے پاس نہ کبھی کوئی حکم خدا آیا نہ کوئی وحی نازل ہوئی۔ یہ اشعار خود کہہ رہے ہیں کہ یزید دین اسلام سے خارج ہو گیا تھا۔ اور یہ کہ ایسے شخص کا کلام ہے جو نہ اللہ کو مانتا تھا نہ اسکے دین کو۔ نہ اسکی کتاب کو۔ نہ اسکے رسولؐ کو۔ نہ اللہ پر ایمان رکھتا تھا نہ اُن چیزوں پر جو اس کے ہاں سے نازل ہوئی تھیں۔

شہادت حضرت امام حسینؑ کا واقعہ پھر سب سے زیادہ اسلام سوز اور دین کش ظلم اس نے یہ کیا کہ حضرت رسولخداؐ کے فرزند اور حضرت فاطمہؑ کے پارہ جگر امام حسین علیہ السلام کو شہید کیا۔ حالانکہ اس کو خوب معلوم تھا کہ حضرت امام حسینؑ کو حضرت رسولخدا صلعم سے کیا قرابت اور کیا خصوصیت تھی۔ اور دین اسلام اور ایمان میں حضرت کا کیا درجہ تھا۔ اور حضرت کے کس قدر فضائل و مناقب تھے اور حضرت رسولخدا صلعم نے آپکے اور آپکے بڑے بھائی امام حسنؑ کے متعلق یہ اعلان بھی کر دیا تھا کہ یہ دونوں جوانان اہل بہشت کے سردار ہیں۔ یہ سب اس نے اسوجہ سے کیا تھا کہ خود خدا ہی کا مقابلہ کرنے پر وہ آمادہ ہو گیا اور اللہ ہی سے لڑنے کی اسکو جرأت پیدا ہو گئی تھی۔ اور اس نے دین اسلام کو ترک کر کے کفر اختیار کر لیا تھا اور حضرت رسولخدا صلعم اور آپ کے خاندان کی حرمت زائل و برباد کر ڈالنے پر تُل گیا تھا۔ وہ اس اطمینان کے ساتھ ان لوگوں سے لڑا کہ معلوم ہوتا تھا وہ کسی مسلمان کو نہیں بلکہ کفار ترک و دیلم کو قتل کر رہا ہے کہ نہ تو ذرہ برابر وہ خدا کی سزا سے ڈرتا تھا اور نہ کچھ اللہ کی سطوت و جبروت کی پروا کرتا تھا۔

اسکے بعد خدا نے اسکی زندگی ختم کردی اور اسکی جڑ اور شاخ سب کو اکھاڑ پھینکا اور جو کچھ اس کے قبضہ میں تھا سب چھین لیا اور اسکے لئے اپنی سزا اور عذاب کا وہ ذخیرہ مہیا کر دیا جس کا وہ اپنے گناہوں کی وجہ سے مستحق ہو گیا تھا۔

بنی مروان کے مظالم یہاں تک کہ خاندان ابوسفیان کی سفاکی اور فرعونیت کے بعد بنی مروان[1] کا نمبر پہونچا۔ انھوں نے بھی کتاب خدا کو بدل دیا۔ اسمیں تحریف کردی اسکے احکام کو معطل کر دیا۔ خدا کے مالوں کو اپنی خاص دولت سمجھکر آپس میں مزا اڑانے لگے۔ خانہ کعبہ کے ڈھا دینے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا اسکے احترام اور عزت کو بتانے اور اسکے حقوق سمجھانے کے لئے جن باتوں کو خدا نے حرام کر دیا تھا اُن سب کو ان لوگوں نے حلال کر دیا۔ اُس کے اوپر منجنیقیں نصب کرا دیں۔ اس اللہ کے گھر پر آگ برسائی اُسکے جلا ڈالنے اور برباد کر دینے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ اسکی عزت و عظمت باقی رکھنے کے لئے خدا نے جن باتوں کو ناجائز کیا تھا ان سب کو ان لوگوں نے خانہ کعبہ کی جلالت مٹا دینے کے لئے جائز اور مباح کر دیا۔ اور جو شخص خانہ کعبہ میں پناہ لے خدا نے اسکے قتل کرنے اور اس کو سزا دینے سے منع کیا ہے مگر بنی مروان نے اس حکم کو بھی اپنے پاؤں سے روند دیا۔ اور جو شخص خانہ کعبہ میں پناہ گزیں ہو خدا نے اُس کو امان میں لے لیا ہے کہ کوئی اُس سے تعرض نہ کرے مگر بنی مروان نے اس حکم کو بھی چھوڑ دیا اور خانہ کعبہ میں پناہ لینے والوں کو خوب

---

[1] امیہ کے ایک بیٹے حرب کا پوتا معویہ تھا اور دوسرے بیٹے عاص کا پوتا مروان تھا۔ اس کے شجرہ سے یہ بات صاف معلوم ہو گی۔



خوب ڈرایا اور وہاں سے نکال باہر کیا۔

بنی عباس کا تسلط | یہاں تک کہ جب بنی مروان بھی کلمہ عذاب کے مستحق ہو گئے اور خدا سے اپنی پوری سزا پانے کا پروانہ حاصل کر لیا۔ اور زمین کو اپنے ظلم و جور سے اچھی طرح بھر دیا اور بندگان خدا پر ان کی زبردستی اور بے رحمی عام طور سے چھا گئی اور وہ وقت آگیا کہ ان پر خدا کا غضب نازل ہو جائے اور وہ خدائی قہر میں پکڑ لئے جائیں تو خدا نے ان لوگوں پر اپنے نبی کے خاندان بنی ہاشم اور حضرت کے اپنے اہل وراثت سے اُن لوگوں کو مسلط کر دیا جنکو اس نے اپنی حکومت اور بادشاہت کے لئے چن لیا تھا۔ خدا نے یہ انتظام بھی ویسا ہی کیا جیسا اس سے بہت پہلے ہم ہی بنی ہاشم کے بزرگوں کو ان بنی امیہ کے کافر بزرگوں پر مسلط کر دیا تھا۔ جنہوں نے غزوہ بدر وغیرہ میں ان لوگوں سے خوب خوب جہاد کیا تو خدا نے اس زمانہ کے بنی ہاشم سے ان مٹر بنی امیہ کی خونریزی اُسی طرح کرائی جس طرح سابق زمانہ کے بنی ہاشم سے اُس وقت کے کافر اور مشرک بنی امیہ کا خون بہایا تھا۔ غرض خدا نے اس ظالم اور سفاک قوم کی جڑ ہی کاٹ دی جس پر اُس رب العالمین کی جو کچھ مدح و ثنا کیجائے ہے اور خدا نے ان لوگوں کو جو کمزور سمجھ لئے گئے تھے غالب کر دیا اور قوۃ دیدی۔ اور جو لوگ اسکے مستحق تھے ان کو ان کا حق واپس کر دیا جیسا خدا نے فرمایا ہے کہ نُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ یعنی ہمارا ارادہ یہ تھا کہ جو لوگ اس ملک میں کمزور سمجھے گئے تھے اُنپر احسان کریں اور اُن ہی کو دین کا سردار بنائیں اور اُن ہی کو نبوت کا وارث ٹھہرائیں (پارہ ۲۰ رکوع ۴) لہ

لہ یہاں خلیفہ معتضد باللہ اپنے خاندان بنی عباس کی خلافت کا حق ہونا ثابت کرنا چاہتا ہے اور یہ بیان کرتا ہے کہ آنحضرتؐ کے وارث یہی لوگ تھے۔ حالانکہ دنیا کا کوئی صاحب عقل شخص بھی اس کو تسلیم نہیں کر سکتا کہ جناب سیدہؑ اور

اور لوگو! جان رکھو کہ خدا نے جو حکم دیا ہے ماننے کے لئے اور جو مثل بیان کی کی ہے نصیحت حاصل کرنے کی غرض سے۔ اور جس بات کو فرمایا ہے قبول کرنے کے واسطے۔ اور آنحضرتؐ کی سنت اختیار کرنیکا جو حکم دیا ہے تو اس مطلب سے کہ اسکی پیروی کیجائے۔ اور صاحبان جہالت وحماقت سے اکثر وہ لوگ جو گمراہ ہو کر بھٹک گئے اور دوسری طرف چلے گئے وہ تھے۔ جنہوں نے خدا کو چھوڑ کر اپنے عالموں اور مذہبی پیشواؤں کو اپنا معبود بنا رکھا تھا۔ حالانکہ خدا نے فرمادیا ہے کہ کفر کے پیشواؤں سے لڑتے رہو۔ غرض بھائیو! تم لوگ بھی اس اعتقاد سے بچو جس سے تم پر خدا کا غضب نازل ہوگا۔ اور وہ راہ اختیار کرو جس سے وہ تم سے خوش رہے۔ اور خدا کی ہر اُس بات پر راضی رہو جسکو وہ تمہارے لئے اختیار کرے۔ اور جس کام کا وہ حکم دے اسکی پابندی کرو اور جس چیز سے وہ منع کرے اُس سے الگ رہو۔ اور سیدھی راہ۔ واضح دلیل اور کھلے ہوئے راستوں پر چلو اور اُن اہلبیتِ رحمت کی پیروی کرتے رہو۔ جن کے ذریعہ

(بقیہ نوٹ صہ ۲۹) جناب امیر المومنینؑ کے رہتے ہوئے بنی عباس کسی قاعدہ اور قانون سے آنحضرتؐ کے وارث اور خلیفہ ہوسکتے ہیں۔ بلکہ آنحضرتؐ کا خلیفہ اور وارث بنانا خدا نے بالکل اپنے ہاتھ میں رکھا۔ اسی وجہ سے جب حضرت رسولخداؐ کو حکم دیا کہ لوگوں کو اسلام کیطرف بلاؤ تو اُسی وقت حضرت سے آپکے خلیفہ اور وارث وجانشین کا اعلان بھی کرادیا۔ چنانچہ جب بعثت کے چوتھے سال خدا نے آیہ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ (اپنے قریبی رشتہ داروں کو اسلام کی دعوت دو پارہ ۱۹ رکوع ۱۵) نازل فرمائی تو آنحضرتؐ نے حضرت علیؑ کے ذریعہ سے لوگوں کو جمع کرایا۔ انمیں حضرت کے چچا عباس۔ ابولہب۔ حمزہ اور حضرت ابوطالب سب ہی تھے۔ اُن لوگوں کو اسلام کیطرف بلانے کے بعد حضرت نے اُسی مجمع میں حضرت عباس کے سامنے ہی اعلان کردیا کہ میرا بھائی۔ میرے وزیر۔ میرے وصی اور میرے خلیفہ یہی علی ہیں۔ تم سب لوگ اس بات کو سننا اور انکا حکم ماننا کرنا (تاریخ طبری جلد ۲ صہ ۲۱۷ تاریخ کامل جلد ۲ صہ ۲۲ وغیرہ میں یہ واقعہ پوری تفصیل کیساتھ موجود ہے)۔ ۱۲

سے خدا نے شروع میں بھی تمہاری ہدایت کی اور انھیں کی وجہ سے آخر میں بھی تم کو ظلم و جور سے بچائیگا اور آرام و آسایش اور عزت و امن عطا کریگا۔ اور اُنھیں کے دور میں تمہارے دین اور دنیا کی بھلائی تمہارے شامل حال ہوگی۔

بنی امیہ پر پھر لعنت کرنیکا حکم اور اُن لوگوں پر لعنت کرو جن پر خدا نے بھی لعنت کی اور رسولخدا ص نے بھی۔ اور اُن لوگوں کو چھوڑ دو جن کو جب تک تم چھوڑو گے نہیں خدا کی درگاہ میں تقرب نہیں حاصل کر سکتے۔ اے خدا تو لعنت کرتا رہ ابوسفیان بن حرب اور اسکے بیٹے معویہ اور اسکے پوتے یزید پر اور لعنت کرتا رہ مروان اور اسکی اولاد پر۔ اے خدا تو لعنت کرتا رہ ان (بنی امیہ) پر جو کفر کے پیشوا۔ گمراہی کے سردار اور دین خدا کے دشمن تھے۔ جو رسولخدا صلعم سے لڑتے۔ تیرے احکام کو متغیر کر دیتے۔ تیری کتاب کو بدل کر اسمیں تحریف کر ڈالتے اور جن لوگوں کا خون بہانا حرام تھا ان کا خون بہاتے رہتے تھے۔

معتضد باللہ کا تبراء اے خدا ہم لوگ اُن لوگوں کی دوستی سے تبراء کرتے ہیں جو تیرے دشمن تھے اور جو تیرے گنہگار تھے اُن کے گناہوں سے چشم پوشی کرنے سے بھی تبراء کرتے ہیں جیسا تو نے کہا ہے کہ اے پیغمبر جو لوگ اللہ اور روز آخرت کا یقین رکھتے ہیں اون کو تم نہ دیکھوگے کہ خدا اور اُس کے رسول ص کے مخالفوں کے ساتھ دوستی رکھیں (پارہ ۲۸ رکوع ۳) لوگو! حق کو پہچانو تو اس سے حق والوں کو بھی پہچاننے لگوگے۔ اور گمراہی کے راستوں کو سمجھو جس سے گمراہ کرنے والونکی معرفت بھی ہو جائیگی کیونکہ بات یہ ہی کہ انسان کے اعمال ہی دیکھے جاتے ہیں اور ان کے باپ دادا ہی ان کو سچے یا غلط مذہب پر لگاتے ہیں۔ تو اللہ کے بارے میں کوئی ملامت کرنے والا تمہاری ملامت نہ کرنے پائے۔ اور جو تمہاری عقل زائل کرنا چاہتے ہیں انکی تدبیر اور جو تمہارے ساتھ مکر کرنا چاہتے ہیں ان کا فریب اور جسکی اطاعت تمہیں خدا کی معصیت میں لگا دے اسکی فرمانبرداری تمہیں دین خدا سے نہ موڑ دے۔

ص انھیں کی حکومت و دولت سے تمکو

لوگو! ہمارے خاندان سے خدا نے تمہاری ہدایت کی اور تم لوگوں میں خدا کے دین کی حفاظت کرنے والے ہم ہی ہیں۔ اور ہم رسول اللہؐ کے وارث اور اللہ کے مذہب کے قائم رکھنے والے ہیں۔ تو جہاں ہم تمہیں ٹھہرائیں وہیں ٹھہرے رہو اور ہم جو حکم دیں اس کو نافذ کردو کیونکہ جب تک تم اللہ کے خلفاء اور ہدایت کے پیشواؤں کی اطاعت کروگے ایمان اور تقوے کی راہ پر قائم رہوگے۔

اِس وقت کا خلیفہ (یہ معتضد باللہ) خدا سے تمہاری حفاظت کی دعا اور تمہاری توفیق کا سوال کرتا ہے اور تمہاری ہدایت اور بھلائی کے لئے اور اس لئے کہ وہ اپنے دین کو تمہارے اوپر محفوظ رکھے خدا کیطرف متوجہ ہوتا ہے۔ تاکہ تم اس سے اس طرح ملو کہ اسکی طاعت کے مستحق رہو اور اسکی رحمت کے خزانے لوٹو۔ اور تمہارے متعلق خدا اِس وقت کے خلیفہ (مجھ معتضد باللہ) کے لئے کافی ہے اور اُسی پر اس کا توکل ہے اور جو باتیں اس نے تمہارے ذمہ کی ہیں ان پر اسی خدا سے وہ مدد چاہتا ہے اور اس خلیفہ کے لئے خدا کے سوا نہ کوئی قوت ہے نہ کوئی طاقت والسلام علیکم۔ اس فرمان کو ابو القاسم عبید اللہ بن سلمان نے ۲۸۴ھ میں نقل کیا۔

بیمثل و نظیر کتابیں

۱۔ **آل و اصحاب** اس میں دکھلایا گیا ہے کہ اہلبیت طاہرین کے ساتھ صحابہ رسولؐ کا برتاؤ کیسا تھا۔ واقعہ کربلا کے وقت کتنے صحابہ موجود تھے مگر امام حسینؑ کی مدد نہیں کی۔ قیمت صرف عہ

۲۔ **صاحب العصر والزمان**۔ قادیانیوں نے حضرت حجۃؑ کے وجود سے انکار کرتے ہوئے شیعوں پر مختلف اعتراضات کئے تھے ان کا محققانہ قابل دید جواب قیمت عہ

۳۔ **عقل و تہذیب اہلحدیث**۔ وہابیوں کی عقل و تہذیب کا بہت دلچسپ تماشہ نہایت مستند کتابوں سے۔ قیمت ۸ر

۴۔ **فتنہ شبلی**۔ مولوی شبلی صاحب نے کتاب سیرۃ النبیؐ میں لکھا تھا کہ جناب امیرؑ نے شراب پی تھی اسکی تحقیق اور رد۔ قابل دید کتاب۔ قیمت ۸ر

۵۔ **قول کریم**۔ تحریف قرآن کے مباحث کا جوہر جس کا جواب اہلسنت قیامت تک نہیں دیسکتے۔ اس سے خود سنیوں کا قائل تحریف ہونا مثل آفتاب واضح ہوگیا۔ قیمت عہ

۶۔ **کشف الظلمات**۔ نواب محسن الملک کی کتاب آیات بینات کی بحث فدک کا مفصل جواب جو نہایت پسند کیا گیا۔ حصہ اول ۸ر دوم ۸ر

۷۔ **الہادیہ لمعویہ**۔ معویہ کے حالات۔ اسکے نسب۔ مظالم۔ خلیفہ حق حضرت امیر المومنینؑ سے لڑنے۔ حضرت امام حسنؑ سے صلح کرنے۔ عام خدع و فریب وغیرہ کی کمال جامع بحث معتبر کتب اہلسنت سے۔ غرض معویہ کے متعلق مکمل معلومات کا بیمثل ذخیرہ ہے قیمت عہ

۸۔ **تصحیح تاریخ**۔ اسمیں تمام سنی مورخین کی ایمانداری کا پردہ چاک کیا گیا۔ ان کے تعصب کی حقیقت ظاہر کیگئی اور خلفائے بنی امیہ و بنی عباس کا اخلاقی فوٹو کھینچا گیا ہے۔ جلد منگا کر لطف اٹھائیے۔ قیمت ۱۲ر

حقیقت مذہب شیعہ کی بہترین کتابیں

رسالہ الشمس کجھوا کے ہمراہ ماہوار شایع ہوتی رہتی ہیں مثلاً ۱ رسالہ تقیہ مخالفین برابر اعتراض کرتے ہیں کہ شیعے تقیہ کرتے ہیں اس کی تحقیق میں بہت سی کتابیں لکھی گئیں مگر حضرت حجۃ الاسلام مولانا سید حامد حسین صاحب قبلہ طاب ثراہ مجتہد لکھنؤ نے نہایت جامعیت سے فارسی زبان میں اس موضوع پر رسالہ تقیہ لکھا جس میں قرآن مجید کی متعدد آیتوں اور بکثرت احادیث جناب سرور عالمؐ اور عمل صحابہ و علماء اہلسنت سے تقیہ کا حکم خدا و رسولؐ ہونا ثابت کرکے ہر شخص کی تشفی کردی ہے۔ ۷۰ برس سے زیادہ ہوگئے کہ یہ کتاب چھپکر تمام شایع ہوگئی مگر علمائے اہلسنت سے آج تک اس کا جواب نہ ہوسکا۔ اس ضروری و مفید رسالے کا اردو ترجمہ مکمل ۱۳۲ صفحہ میں شایع کردیا گیا ہے اور بہت عمدہ لکھائی چھپائی کاغذ سے بھی آراستہ کیا گیا ہے۔ قیمت فی جلد ۹

۲ **الولی** ۱۔ ہندوستان کے مشہور مناظر جناب مولوی ثناء اللہ صاحب مولوی فاضل اڈیٹر اہلحدیث امرت سر نے جناب مولانا سید فرمان علی صاحب مرحوم مدرس اول مدرسہ سلیمانیہ سے خلافت بلافصل حضرت امیر المومنینؑ کے متعلق جو مشہور اور زبردست مناظرہ کیا تھا اور جس میں مولانائے مرحوم کو شاندار کامیابی حاصل ہوئی تھی وہ پورا مناظرہ اور کل علمی و دینی تحقیقات اس کتاب میں جمع کرکے شایع کردی گئی ہیں۔ ضخامت ۲۲۰ صفحہ قیمت ۱۴

۳ **کشف الظلام** علمائے اہلسنت ہمارے امام زمانہ حضرت حجۃ عجل اللہ فرجہ کے وجود و غیبت اور حضرات ائمہ طاہرینؑ کی رجعت کے متعلق بکثرت اعتراضات کرتے رہتے ہیں جناب مولانا سید محمد رضی صاحب زنگی پوری دام فیضہ نے اس رسالہ میں ان کل اعتراضات کے تشفی بخش جوابات نہایت تحقیق سے درج کردیئے ہیں یہ رسالہ بھی بہت دلچسپ مفید اور ضروری ہے قیمت ۹ المشتہر مدیر دائرہ تحقیق کجھوا

(مطبع اصلاح شین پریس کجھوا میں سید محمد جعفر نے چھاپکر شایع کیا)